© rasailojaraid.com



ابوسفیان تائب

# نعت رسول مقبول ﷺ

توحید کی مے آ کر پلائی حضور نے
ویران بزم آ کر سجائی حضور نے

دنیا سے کفر و شرک کی تاریکیاں مٹیں
ایمان کی ایسی شمع جلائی حضور نے

حلم و کرم عطا میں کوئی آپ سا نہیں
یہ صفت بے مثال ہے پائی حضور نے

بخشش کی رحمتوں کی گھٹائیں برس پڑیں
ہر غم سے دی ہے ہم کو رہائی حضور نے

جن و بشر مَلک میں کسی کو نہ مل سکی
عظمت خدا کے بعد ہے پائی حضور نے

پھسلیں نہ دو جہاں میں کسی راہ پر قدم
امت کو دی ہے راہ نمائی حضور نے

روح الامیں سمیت کوئی بھی نہ پا سکا
عرش علیٰ پہ شان جو پائی حضور نے

اک آرزو کلیم کے دل میں ہی رہ گئی
خالق سے کی ہے بزم آرائی حضور نے

ماہ و سراج اور ستارے ترس گئے
نورِ خدا سے لی جو رعنائی حضور نے

تائب نبی کی شان بیاں کیسے کرسکے
بگڑی جہان بھر کی بنائی حضور نے

© rasailojaraid.com